## ایم کیوایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی کا ہنگامی اجلاس، شریف برادران کی نااہلی کے عدالتی فیصلہ پر غور

## ایم کیوایم آئینی ماہرین کی سفارشات کا جائزہ لینے کے بعد سپریم کورٹ کے فیصلہ پر اپنا مؤقف پیش کرے گی

لندن ۔۔25، فروری 2009ء۔۔۔ سپریم کورٹ کی جانب سے شریف برادران کی نااہلی کے فیصلہ کے سلسلہ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کا مشترکہ ہنگامی اجلاس جاری ہے جو کل بروز جمعرات بھی جاری رہے گا۔ اجلاس میں ملک کی موجودہ صورتحال اور سپریم کورٹ کی جانب سے شریف برادران کی نااہلی کے عدالتی فیصلہ پر غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایم کیوایم کے آئینی وقانونی ماہرین سپریم کورٹ کی جانب سے شریف برادارن کی نااہلی کے فیصلہ کا متن حاصل کر کے اس کا آئین اور قانون کی روشنی میں جائزہ لیں گے اور اپنی سفارشات رابطہ کمیٹی کو پیش کریں گے۔ رابطہ کمیٹی ایم کیوایم کے آئینی ماہرین کی سفارشات کا جائزہ لینے کے بعد سپریم کورٹ کے فیصلہ پر اپنا مؤقف عوام کے سامنے پیش کرے گی۔

## ایم کیوایم پی پی او سی جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن پرویز احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔25، فروری 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن پرویز احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## عاصم کبیر کو فی الفور بازیاب کرایا جائے، اغواء کی واردات میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے، اراکین قومی اسمبلی

کراچی ۔۔۔25، فروری 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین قومی اسمبلی نے ایم کیوایم کے سابق رکن سندھ اسمبلی اور ایم کیوایم نوابشاہ کے سابق زونل انچارج عاصم کبیر کے اغواء کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ان کی عدم بازیابی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ عاصم کبیر کے اغواء کے واقعہ سے ضلع نوابشاہ سمیت سندھ بھر کے عوام میں سخت بے چینی اور تشویش پائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر بھی عاصم کبیر کے اغواء کی واردات میں ملوث ہیں وہ کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔ ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور صوبائی وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ عاصم کبیر کو فی الفور بازیاب کرایا جائے اور اغواء کی واردات میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## گلشن اقبال یونٹ 68 کے سفیان اقبال کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔25، فروری 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 68 میں رہائش پذیر شخص سفیان اقبال ولد اقبال رانا سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذکورہ شخص جرائم پیشہ ہے اور اپنی سماج دشمن سرگرمیوں کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کا نام استعمال کرتا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جرائم پیشہ اور سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث عناصر اگر کسی بھی غلط فعل میں ایم کیوایم کا نام استعمال کریں تو اس کی اطلاع فوری طور پر قریبی پولیس اسٹیشن یا ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر کریں تاکہ ایسے سماج دشمن عناصر کے خلاف آئین وقانون کے تحت کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔25،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی جمشیدٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن پرویز احمد،ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی اولڈلیاری سیکٹر یونٹ 7 بہارکالونی کے کارکن عامر علی کی والدہ محترمہ سلمیٰ بیگم،ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 142 کے کارکن محمد ہاشم کھتری کے والد محمد الیاس، ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن محمد شاہد کی والدہ محترمہ افروز بیگم اورگلبرگ ٹاؤن کے حق پرست لیبرکونسلر سید متین پیرزادہ کی والدہ محترمہ عزیزہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم سرجانی سیکٹر،ابراہیم حیدری یونٹ،گلشن اقبال اوراسکیم 33 سیکٹرز کے 8 کارکنان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا

کراچی ۔۔۔25،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اورغیر تنظیموں سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے باعث ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ تیسرٹاؤن کے کارکنان محمد اکرم ولد نیاز،افتخار ولد اسلم،شاہد بنگالی ولدعلی حسن،سرجانی سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن شاہد حسین ولد محمد وسفل،ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی ابراہیم حیدری یونٹ علی اکبرشاہ گوٹھ کے کارکن شمس العالم ولدعلی حسین،ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 68 کے کارکن راحیل عمر ولد شاہد عمراورایم کیوایم اسکیم 33 سیکٹر یونٹ جامعہ A کے کارکنان آصف ولد داؤد اورعلیم ولدعبدالشکور کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆